© rasailojaraid.com

غمِ اعلیٰ رح
مرتبہ: گوہر ملسیانی
صفحات ۱۲۸ قیمت ۱۰/- روپے
ناشر: گوہر ادب پبلی کیشنز
مظہر فرید کالونی۔ صادق آباد

مولینا سید ابوالاعلیٰ مودودی مغفور کی رحلت کے دردو گداز کو بہت سے شعراء نے سرمایۂ سخن بنایا ہے۔ ایسی نظموں کا گوہر ملسیانی صاحب نے انتخاب کر کے یہ مجموعہ شائع کیا ہے۔ ایک چھوٹے سے مجموعے میں نظموں کی خاصی تعداد جمع ہے۔ امید ہے کہ اہل ذوق اس کوشش کی قدر افزائی کریں گے۔

---

دید شنید
از۔ رفیق ڈوگر
صفحات ۲۸۰ قیمت ۱۷/۵۰ روپے
ناشر: عقاب پبلی کیشنز۔
رانا چیمبرز۔ پرانی انارکلی۔ لاہور

محمد رفیق ڈوگر کے قلم کا قد اب اتنا بڑھ گیا ہے کہ وہ جہانِ صحافت میں نمایاں دکھائی دیتا ہے۔
کتاب کے گرد پوش پر اپنے مختصر تعارف میں لکھے ہوئے دو جملوں سے اس کی تحریر کے تیکھے پن کا اندازہ کیجیے۔ لکھا ہے:

نام: کتاب کے باہر درج ہے۔
کام: کتاب کے اندر درج ہے۔

کیا خوب نثری شعر ہے جس کے دونوں مصرعوں میں صرف دو دو متقابل الفاظ بدلتے ہیں۔ باقی سب کچھ جوں کا توں رہتا ہے۔

آجکل کئی اخباروں میں ایک غیر اخباری کالم بھی شائع ہوتا ہے۔ یہ کالم صحافت، ادب، طنز و مزاح کا ہلکا پھلکا سا مرکب ہوتا ہے۔ یعنی عشرتؔ کردہ نگارش میں "کاک ٹیل"۔ رفیق ڈوگر اس طرز کے کالم مدت سے لکھتا ہے اب تو اس نے اپنا خاص رنگ پیدا کر لیا ہے۔ ایسے ہی کالموں کا ایک مجموعہ ہمارے سامنے ہے۔ اس مجموعے میں زندگی کے بے شمار ٹھوس مسائل کا لطیف انعکاس ہے۔ یہ کالم تاریخ کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ مختلف مراحل کے واقعات و حوادث کی جھلکیاں اپنے اندر رکھتے ہیں۔ اس لئے اس دلچسپ کتاب کی ایک تاریخی اہمیت بھی ہے

---


© rasailojaraid.com